نظامت زرعی اطلاعات پنجاب

21۔سر آغا خان سوئم روڈ لاہور

Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediareearch34@gmail.com

www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

وزیر زراعت پنجاب سید حسین جہانیاں گردیزی کی دھان کی پیداوار میں اضافہ کے قومی منصوبہ کے تحت کاشتکاروں کی آگاہی کیلئے منعقدہ سیمینار میں بطور مہمانِ خصوصی شرکت۔

دھان کی کٹائی کے دوران پوسٹ ہارویسٹ نقصانات میں کمی کے لئے کاشتکاروں کی راہنمائی کی جائے۔کاشتکار ربیع سیزن کے دوران گندم کی فصل زیادہ سے زیادہ رقبہ پر کریں۔وزیر زراعت پنجاب سید حسین جہانیاں گردیزی

لاہور: 06 اکتوبر 2022 (   ) دھان کی فی ایکڑ پیداوار میں اضافہ کے قومی منصوبہ کے تحت منظور شدہ اقسام کا بیج، زرعی مشینری ،اجزائے کبیرہ وصغیرہ اور جڑی بوٹی مار زہروں پر کاشتکاروں کو سبسڈی دی گئی ہے۔کاشتکار دھان کی کٹائی کے دوران پوسٹ ہارویسٹ نقصانات سے بچیں۔اس ضمن میں محکمہ کے افسران کاشتکاروں کی خصوصی راہنمائی کریں یہ بات وزیر زراعت پنجاب سید حسین جہانیاں گردیزی نے ضلع گوجرانوالا میں قومی منصوبہ برائے دھان کی فی ایکڑ زیادہ پیداوار کے تحت منعقدہ تقریب سے خطاب کے دوران کہی۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے وزیر زراعت نے مزید کہا کہ پاکستان دنیا میں چاول برآمد کرنے والے ممالک میں چوتھے نمبر پر ہے ۔یہ فصل ہماری غذائی ضروریات پوری کرنے کے ساتھ زرمبادلہ کمانے میں بھی اہم ذریعہ ہے۔پاکستانی باسمتی چاول اپنی خوشبو اور کوالٹی کی وجہ سے پوری دنیا میں پسند کیا جاتا ہے۔گزشتہ مالی سال کے دوران 2.50 ارب ڈالرز زرمبادلہ حاصل ہوا۔دھان کی فی ایکڑ پیداوار میں اضافہ کا یہ قومی منصوبہ پنجاب کے 15 اضلاع میں جاری ہے جس سے دھان کی موٹی اور باسمتی اقسام کی اوسط پیداوار میں بالترتیب 20 اور 10 من فی ایکڑ کا اضافہ ہوگا۔اس منصوبہ کے تحت دھان کی کاشت کیلئے زرعی آلات پر 50 فیصد جبکہ دھان کی باقیات کو تلف کرنے والی مشینوں پر 80 فیصد سبسڈی دی گئی ہے۔صوبائی وزیر نے مزید کہا کہ حکومت پنجاب زرعی شعبہ کو فعال اور ترقی یافتہ بنانے کے لیئے کوشاں ہے اور اس مقصد کے لیے مالی مشکلات کے باوجود ترجیحاً وسائل فراہم کیے جا رہے ہیں۔انھوں نے کہا کہ یہ بات جان کر خوشی ہوئی کہ گوجرانوالا ڈویژن میں دھان کی فصل 19 لاکھ ایکڑ پر کاشت ہوئی ہے اور اس سے اچھی پیداوار حاصل ہونے کی توقع ہے لیکن اس علاقہ میں گندم کی فصل اوسط پیداوار گزشتہ سال 20 من فی ایکڑ رہی جبکہ صوبہ پنجاب کے باقی اضلاع میں اوسط پیداوار 31 من فی ایکڑ رہی ہے۔اس لئے کاشتکار بھائی ربیع سیزن کے دوران گندم کی کاشت قومی جذبے کے تحت کریں کیونکہ سیلاب کے باعث متاثرہ علاقوں میں گندم کے ذخیرہ کو نقصان پہنچا ہے۔اس لئے گندم کی کاشت بیحد اہم ہے تاکہ ملکی فوڈ سیکیورٹی کا حصول ممکن بنایا جا سکے۔صوبائی وزیر نے ڈائریکٹر گوجرانوالا ڈویژن کو خصوصی ہدایت کی کہ گندم کی بوائی زیادہ سے زیادہ رقبہ پر یقینی بنائی جائے اور سیزن کے دوران گوجرانوالا ڈویژن کی رپورٹ ہفتہ وار پیش کی جائے۔سیمینار سے ڈائریکٹر جنرل زراعت (فیلڈ) محمد اکرم اور چیف ایگزیکٹو پارب ڈاکٹر عابد محمود و دیگر مقررین نے بھی خطاب کیا۔تقریب کے اختتام پر وزیر زراعت پنجاب سید حسین جہانیاں گردیزی نے دھان کی باقیات کی تلفی والی جدید مشینری و ڈرون سپرے کی فیلڈ ڈیمانسٹریشن کا مظاہرہ دیکھا۔تقریب میں ڈائریکٹر جنرل زراعت (فیلڈ) محمد اکرم ڈائریکٹر محکمہ زراعت (توسیع) گوجرانوالا چوہدری محمد فاروق اور ڈپٹی ڈائریکٹرز ڈاکٹر جاوید اختر پڈھیال اور کاشتکاروں کی کثیر تعداد نے شرکت کی

☆☆☆☆